NHS

# ذیابیطس کے ساتھ زندگی گزارنے کے اپنے تجربے کے بارے میں ہمیں بتائیں

## قومی ذیابیطس تجربہ سروے 2023

NHS England ایک سروے کا اہتمام کر رہا ہے تاکہ ان **بالغ افراد کے تجربے کو سمجھ سکے جن میں گزشتہ 12 ماہ کے اندر ٹائپ1 اور ٹائپ 2 ذیابیطس** کی تشخیص ہوئی تھی.

اگر آپ کو مدعو کیا جاتا ہے، **تو آپ کو ایک خط اور متنی پیغام بطور یاددہانی بھیجے جائیں گے** جن میں بتایا جائے گا کہ کس طرح حصہ لینا ہے۔

سروے میں شرکت **رضاکارانہ** ہے اور تمام جوابات**خفیہ ہیں۔**

اگر آپ حصہ **نہیں لینا چاہتے/چاہتیں** تو 17 جنوری 2024سے پہلے agem.diabetessurvey@nhs.netپر ای میل **یا 0020 611 0121 پر کال کریں۔** فون لائن پیر تا جمعہ صبح 8 بجے سے شام 6 بجے تک کھلی رہتی ہے۔ آپ کو اپنا **پورا نام، تاریخ پیدائش اور پوسٹ کوڈ**فراہم کرنے کی ضرورت ہوگی۔

مزید معلومات کے لیے: www.diabetessurvey.co.uk۔

اگر آپ کے پاس نیشنل ڈیٹا آپٹ آؤٹ (National Data Opt-Out) ہے تو بھی آپ کو ہم سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہو گی۔ محکمہ صحت اور سماجی نگہداشت نے تصدیق کی ہے کہ یہ سروے مستثنیٰ ہے۔ مزید معلومات کے لیے: https://digital.nhs.uk/services/national-data-opt-out/programmes-to-which-the-national-data-opt-out-should-not-be-applied

یہ سروےNHS Englandکی جانب سے Ipsos UK کرے گا۔ ایک آزاد نگران گروہ، جس میں عوامی اراکین بھی شامل ہیں، نے مریض کی خفیہ معلومات کو استعمال کر کے ذیابیطس کے ساتھ زندگی گزارنے والے افراد کی شناخت کرنے اور اس سروے میں حصہ لینے کی خاطر انہیں مدعو کرنے کے سلسلے میں تعاون کیا ہے۔

Ipsos